وقت دیکھنے کے لئے عورت کا سونے کی گھڑی پہننا

مجیب: فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-350

تاریخ اجراء: 20ذوالحجۃالحرام1443ھ /20جولائی2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا وقت دیکھنے کے لئے عورت سونے کی گھڑی پہن سکتی ہے؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

سونے چاندی کی گھڑی خواہ چین کے ساتھ ہو یا صرف ڈائل سونے چاندی کا ہو، وقت دیکھنے کے لئے اس کا استعمال عورت کے لئے بھی جائز نہیں۔

فتاوی رضویہ میں امامِ اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے سونے چاندی کی گھڑیوں اور چراغ کے بارے میں پوچھا گیا، تو آپ نے فرمایا: "دونوں ممنوع ہیں، علامہ سید احمد طحطاوی حاشیۂ درمختار میں فرماتے ہیں: قال العلامۃ الوانی المنھی عنہ استعمال الذھب والفضۃ اذ الاصل فی ھذا الباب قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام ھذان حرامان علی ذکور امتی حل لاناثھم ولما بین ان المراد من قولہ حل لاناثھم مایکون حلیالھن بقی ماعداہ علی حرمتہ سواء استعمل بالذات اور بالواسطۃ اھ واقرہ العلامۃ نوح وایدہ باطلاق الاحادیث الواردۃ فی ھذا الباب اھ ابوالسعود منہ تعلم حرمۃ استعمال ظروف فناجین القھوۃ والساعات من الذھب والفضۃ اھ ملخصا یعنی علامہ الوانی نے فرمایا کہ سونے چاندی کا استعمال ممنوع ہے، اس لئے کہ اصل اس باب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد ہے: یعنی سونا چاندی دونوں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں، البتہ ان کی عورتوں کے لئے حلال ہیں، اور جب یہ بیان کیا گیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد "حل لاناثھم" سے مراد وہ سونا چاندی ہے، جو عورتوں کے لئے بطور زیور ہو، تو پھر اس کے علاوہ باقی سونا چاندی خواہ بالذات استعمال کیا جائے یا بالواسطہ، اپنی حرمت پر رہے گا اھ، علامہ نوح نے اسی کو برقرار رکھا اور مطلق حدیثوں سے اس کی تائید کی، جو اس باب میں وارد ہوئی، ابو سعود کی عبارت پوری ہوئی، لہٰذا اس

سے قہوہ کی پیالیوں اور سونے چاندی کی گھڑیوں کی حرمت معلوم ہوئی۔ ملخصا۔(فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ145، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

ایک اور مقام پر امامِ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”سونے کی گھڑی یا چاندی کی گھڑی میں وقت دیکھنا مرد وعورت سب کو حرام ہے۔“(فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ129، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net